**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/8/5 ***KATHY HOCHUL گورنر***

## ***گورنر HOCHUL کا نشے کے علاج کے لیے ادویات میں معاونت کے لیے 7$ ملین سے زائد کا اعلان***

***15 فراہم کنندگان بپرینورفین اور نشے کی عادی افراد کی دیکھ بھال کے انتظام تک ایک ہی دن میں رسائی کو آسان بنانے کے لیے بنائے گئے پروگراموں کے قیام کے لیے فنڈنگ حاصل کریں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک میں جامع، کم حد والی بپرینورفین خدمات کے قیام کے ذریعے نشے کے علاج کے لیے ادویات میں معاونت کرنے کے لیے 15 فراہم کنندگان کے لیے 7$ ملین سے زائد فنڈنگ کا اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام اُسی روز، بپرینورفین دوا اور دیکھ بھال کے انتظام میں فوری اندراج فراہم کرکے ادویات اور دیگر نشے کی خدمات کی جاری ضرورت کو پورا کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ یہ فنڈنگ ریاست نیو یارک کے افیون تصفیہ فنڈ (Opioid Settlement Fund) کے ذریعے تقسیم کی جا رہی ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "زندگی بچانے والے وسائل تک رسائی کو بہتر بنانا اور ادویات جیسی مدد کرنا نیو یارک کے نشے کی لت سے متاثرہ مکینوں کی مدد کرنے اور اس بحران سے نمٹنے کا ایک اہم حصہ ہے۔ نیویارک بھر میں نشے کے علاج کے پروگراموں اور خدمات فراہم کنندگان کے لیے اس فنڈنگ کے ذریعے، میری انتظامیہ علاج کی خدمات کی جاری ضرورت کو پورا کرنے کے لیے پُرعزم ہے تاکہ زندگیاں بچانے میں مدد کی جائے اور افیون کی وباء کا مقابلہ کرنے میں علاقوں کی معاونت کی جائے"۔

نشے کی لت سے لڑنے اور افیون کی وباء سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے ایک جامع نقطہ نظر ضروری ہے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ بپرینورفین افیون کے استعمال کی عادت کے علاج کے لیے ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ ہے، تاہم بہت سے خدمات فراہم کنندگان کے علاج شروع کرنے اور جاری رکھنے کے سخت تقاضے ہیں۔ اس سے ان افراد کی تعداد محدود ہو سکتی ہے جو یہ دوا وصول کرتے ہیں۔ جامع کم حد والے پروگرام اُسی روز، فوری طور پر بپرینورفین دوا اور دیکھ بھال کے انتظام کی خدمات کی اجازت دے کر اس مسئلے کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

نوازے جانے والوں کی فہرست ذیل میں دی گئی ہے اور ان میں دفتر برائے نشے کی لت میں خدمات و معاونت (Office of Addiction Services and Supports, OASAS)، دفتر برائے دماغی صحت، یا محکمۂ صحت سے تصدیق شدہ فراہم کنندگان شامل ہیں۔ ہر فراہم کنندہ کو 500,000$ تک سے نوازا جا رہا ہے۔

**دارالحکومت کا علاقہ**

- ہوپ ہاؤس

**وسطی نیو یارک**

- کورٹ لینڈ کاؤنٹی کے لیے خاندانی مشاورت کی خدمات

**فنگر لیکس**

- FLACRA
- ہیلیو ہیلتھ

**لانگ آئی لینڈ**

- خاندان اور بچوں کی ایسوسی ایشن

**مڈ-ہڈسن**

- ویسٹ چیسٹر میڈیکل سنٹر

**نیو یارک سٹی**

- ہارلیم یونائیٹڈ کمیونٹی ایڈز سینٹر
- ہاؤسنگ ورکس ہیلتھ سروسز III
- سینٹر فار کمپری ہینسو ہیلتھ پریکٹس
- سینٹ اینز کارنر آف ہارم ریڈکشن، انکارپوریشن

**نارتھ کنٹری**

- کریڈو کمیونٹی سینٹر
- کینٹن پوسٹڈیم ہسپتال

**جنوبی سلسلہ**

- یونائیٹڈ ہیلتھ سروسز ہسپتال

**مغربی نیو یارک**

- EHS ایورگرین ہیلتھ، انکارپوریشن
- بیسٹ سیلف بیہیویئرل ہیلتھ انکارپوریٹڈ

**دفتر برائے نشے کی لت میں خدمات و معاونت کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا،** "یہ بہت اہم ہے کہ ہم لوگوں کے لیے نشے کی لت سے چھٹکارا پانے کی خدمات حاصل کرنے کے لیے ہر ممکن راستے تلاش کریں، بشمول بیپرینورفین جیسی ادویات۔ یہ نئے پروگرام ضرورت مند افراد کو فوری طور پر خدمات سے منسلک ہونے کے قابل بنائیں گے اور ان کی مجموعی صحت کو سہارا دیں گے"۔

**قائم مقام ریاستی صحت کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا،** "افیون کے استعمال کی عادت ایک پیچیدہ لیکن قابلِ علاج بیماری ہے اور بیپرینورفین ایک بہت مؤثر علاج ہے۔ یہ اہم سرمایہ کاری رکاوٹوں کو کم کرنے میں مدد کرتی ہے اور زیادہ سے زیادہ مریضوں کو علاج شروع کروانے اور صحت یاب ہونے میں مدد کرتی ہے۔ بیپرینورفین زندگیاں بچاتی ہے، اور محکمہ افیون کے استعمال کی عادت کا علاج کرنے والی اہم خدمات اور ادویات تک رسائی بڑھانے اور لاگت کی رکاوٹوں کو ختم کرنے کے اقدامات کی حمایت کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ میں اس بیماری سے لڑنے والوں کے ساتھ مسلسل ہمدردی اور وابستگی کا مظاہرہ کرنے پر گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں"۔

**دفتر برائے دماغی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan نے کہا،** "بیپرینورفین محفوظ اور مؤثر ہے اور لوگوں کو اوپیئڈ کی لت کے المیے سے صحت یاب ہونے میں مدد کرتی ہے۔ بیپرینورفین اور نشے کی دیگر خدمات تک رسائی کو بڑھانا زندگیاں بچائے گا اور بہت سے افراد اور خاندانوں کی مدد کرے گا جو نشے سے لڑ رہے ہیں۔ یہ نشے اور اس کے زیادہ مقدار میں استعمال سے ہونے والی اموات سے نمٹنے کی ہماری کوششوں کا ایک اہم جزو ہے"۔

ریاست نیو یارک اوپیئڈ مینوفیکچررز اور دوا ساز کمپنیوں کے ساتھ تصفیے کے مختلف معاہدوں کے ذریعے 2$ بلین سے زیادہ وصول کر رہی ہے جو اٹارنی جنرل Letitia James کی جانب سے مختص ہوئے تھے۔ ان تصفیوں سے حاصل ہونے والی فنڈنگ کا ایک حصہ براہِ راست بلدیات کو جائے گا، باقی رقم کو روک تھام، علاج، بحالی، نقصان میں کمی لانے اور افیون کی جاری وبا سے نمٹنے کے لیے وقف ایک فنڈ میں جمع کیا جائے گا۔

جس قانون سازی نے وقف شدہ فنڈ قائم کیا تھا، اسی نے اوپیئڈ سیٹلمنٹ فنڈ کا مشاورتی بورڈ بھی تشکیل دیا ہے، جس کو یہ تجاویز دینے کا کام سونپا گیا ہے کہ کس طرح تصفیے سے حاصل ہونے والے ڈالروں کو ضرورت مندوں کی بہترین خدمت کے لیے مختص کیا جائے۔ بورڈ کے اراکین نے 1 نومبر 2022 کو اپنی پہلی سفارشات جاری کی تھیں، جس میں نقصان کو کم کرنے اور علاج معالجے کی خدمات کی توسیع کو اوّلین ترجیح کے طور پر شناخت کیا گیا تھا۔

ریاست نیویارک نے اوور ڈوز کی وباء سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر الجہتی طریقہ کار کا اجراء کیا ہے اور مکمل روک تھام، علاج، بحالی اور نقصان کو کم سے کم کرنے والی خدمات کے ساتھ ساتھ نشے کی لت میں مبتلا افراد کی دیکھ بھال کے لئے پورے ملک کا سب سے بہترین نظام قائم کیا ہے۔ ریاست نے روایتی خدمات تک رسائی کو وسعت دینے کے لیے کام کیا ہے، بشمول بحرانی خدمات، داخل مریضوں، بیرونی مریضوں، اور رہائشی علاج کے پروگرام، نیز نشے کے علاج کے لیے ادویات، اور موبائل علاج اور نقل و حمل کی خدمات۔

گورنر Hochul ریاست نیو یارک کی ہیروئن اور مسکن ادویات کی ٹاسک فورس کی رکن تھیں، جس نے سنہ 2016 میں، نئی، غیر روایتی خدمات کی سفارش کی تھی، بشمول بحالی مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، ہم جماعتوں کی توسیع شدہ خدمات، اور کھلے رسائی کے مراکز، جو فوری تشخیص اور نگہداشت کے ریفرل فراہم کرتے ہیں۔ اس کے بعد سے یہ خدمات ریاست بھر کی متعدد کمیونٹیز میں قائم کی گئی ہیں اور اس سے ضرورت مند باشندوں کو ان کی رہائش کے قریب خدمات تک رسائی میں مدد ملی ہے۔

ریاست نیو یارک کا نشے کی لت میں معاونت اور خدمات کا دفتر ملک کے سب سے بڑے منشیات کے استعمال کے عارضے کی دیکھ بھال کے نظام میں سے ایک کی نگرانی کرتا ہے جس میں تقریباً 1,700 انسدادی، علاجی اور بازیابی کے پروگرام ہر سال 731,000 سے زیادہ افراد کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اس میں 12 نشے کے علاج کے مراکز کا براہ راست آپریشن شامل ہے جہاں ہمارے ڈاکٹر، نرسیں، اور طبی عملہ ہر سال تقریباً 8,000 افراد کو داخلی اور رہائشی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

نیو یارک کے وہ مکین جنہیں نشے کی لت لگی ہوئی ہے، یا جن کے پیارے اس مصیبت میں گرفتار ہیں، ریاست کی ٹول فری، 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کی HOPEline پر 1-877-8-HOPENY یعنی (1-877-846-7369) پر کال کر کے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد اور امید حاصل کر سکتے ہیں۔

نشے کا دستیاب علاج بشمول بحران/ڈیٹاکس، شعبہ اندرونی مریضان، رہائشی یا بیرونی مریضوں کی دیکھ بھال، NYS OASAS ٹریٹمنٹ اویلیبلٹی ڈیش بورڈ استعمال کر کے FindAddictionTreatment.ny.gov پر یا NYS OASAS ویب سائٹ کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز رشتہ دار کو علاج سے متعلق بیمے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہو یا کسی مسترد کردہ کلیم کے خلاف اپیل دائر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو تو بذریعہ فون CHAMP ہیلپ لائن سے 888-614-5400 پر رابطہ کریں یا ombuds@oasas.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔

###

www.governor.ny.gov اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418